2021年5月19日ジャング紙ラホール版12面

نیا ریکارڈ، اوورسیز پاکستانیوں نے اپریل میں 2.8 ارب ڈالر بھیجے، وزیراعظم

ابتدائی 10 مہینوں میں ورکرز ترسیلات 29 فیصد اضافے سے 24 ارب 24 کروڑ ڈالرز رہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی، اسلام آباد (جنگ نیوز، مانیٹرنگ نیوز) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں نے اپریل میں تاریخ کے بلند ترین 2.8 ارب ڈالرز ترسیلات زر بھیجے، ادھر اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ ابتدائی 10 مہینوں میں ورکرز ترسیلات 29 فیصد اضافے سے 24 ارب 24 کروڑ ڈالرز رہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے ابتدائی 10 مہینوں میں ورکرز ترسیلات 29 فیصد اضافے سے 24 ارب 24 کروڑ ڈالر رہیں۔ مرکزی بینک کے مطابق تارکین ہم وطنوں نے مسلسل گیارہویں مرتبہ 2 ارب ڈالر سے زائد ترسیلات پاکستان بھیجی ہیں، مرکزی بینک کے مطابق اپریل میں ورکرز ترسیلات 2 ارب 77 کروڑ 82 لاکھ ڈالر رہیں اور اپریل میں سعودی عرب سے 66 کروڑ، عرب امارات سے 54 کروڑ، برطانیہ سے 43 کروڑ، امریکا سے 31 کروڑ، خلیجی ممالک سے 29 کروڑ اور یورپی یونین سے 25 کروڑ ڈالر بھیجے گئے، رواں مالی سال کے ابتدائی 10 مہینوں میں ورکرز ترسیلات 29 فیصد اضافے سے 24 ارب 24 کروڑ ڈالر رہیں جس دوران عرب امارات سے 5 ارب، برطانیہ سے 3.33 ارب، خلیجی ممالک سے 2.75 ارب، امریکا سے 2.21 ارب اور یورپی یونین سے 2.19 ارب ڈالر بھیجے گئے۔ مرکزی بینک کے مطابق اپریل کی 2.77 ارب ڈالر ترسیلات ریکارڈ رہیں، رواں مالی سال جولائی میں 2.76 کروڑ ڈالر بھیجے گئے تھے۔ دوسری جانب وزیراعظم عمران خان نے ترسیلاتِ زر میں اضافے پر سمندر پار پاکستانیوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ میرا ہمیشہ سے اعتقاد رہا ہے کہ سمندر پار پاکستانی ہمارا عظیم ترین اثاثہ ہیں، وزیراعظم نے بتایا کہ اپریل میں آپ کی ترسیلاتِ زر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچتے ہوئے 2.8 ارب ڈالر رہیں، مالی سال 2021 کے پہلے 10 ماہ کے دوران 24.2 ارب ڈالر بھجوا کر آپ نے پورے مالی سال 2020 کا ریکارڈ توڑ دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نئے پاکستان پر اعتماد پر آپ کا شکریہ۔